# Telephone Conversation between PM and King of Hashemite Kingdom of Jordan

April 16, 2020

-----------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم نریندر مودی اور ہاشمی مملکت اردن کے شاہ کے مابین ٹیلیفون پر گفتگو

16 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج ہاشمی مملکت اردن کے شاہ عزت مآب عبداللہ دوئم کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے اردن کے عزت مآب شاہ اور اردن کے عوام کو آنے والے رمضان کے مبارک مہینے کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔

دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض کے ذریعہ دنیا کو درپیش چیلنجوں اور اس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے اپنے اپنے ممالک میں اٹھائے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے معلومات اور بہترین طریقوں کو شیئر کرنے اور ضروری سامان کی سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ، زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک ایک دوسرے کی کوششوں کی حمایت کرنے پر اتفاق کیا۔

وزیر اعظم نے اردن میں موجود ہندوستانی شہریوں کو فراہم کی جانے والی امداد پر عزت مآب شاہ کا شکریہ ادا کیا۔

رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ان کی ٹیمیں کووڈ 19 سے متعلق امور کے علاوہ دیگر علاقائی اور عالمی امور پر بھی رابطے میں رہیں گی۔

**نئی دہلی**

**16 اپریل، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.